68

آیات نمبر 180 تا 189 میں مسلمانوں کو بخل سے بچنے کی ہدایت۔ اہل کتاب کا یہ کہنا کہ ہم اس وقت تک رسول ﷺ کو تسلیم نہ کریں گے جب تک وہ ایسی قربانی نہ پیش کریں جسے آسمان سے آگ آکر کھا جائے اور اللہ کی طرف سے جواب۔ اہل کتاب کو اللہ سے کئے گئے عہد پر سرزنش

وَ لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ
بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ جن لوگوں کو اللہ نے اپنے فضل سے عطا کیا ہے اور وہ اس مال و
دولت کو خرچ کرنے میں بخل کرتے ہیں تو وہ ہرگز اس بخل کو اپنے حق میں بہتر خیال نہ
کریں، بلکہ یہ ان کے حق میں بُرا ہے سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَ لِلّٰهِ
مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ عنقریب روزِ قیامت
ان کے گلے میں اس مال کا طوق پہنایا جائے گا جس میں وہ بخل کرتے رہے تھے ، اور
آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے بالآخر اس سب کا وارث اللہ ہی ہے، اور جو کچھ تم کرتے ہو
اللہ اس سب سے باخبر ہے رکوع [۱۸] لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّ
اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّ نَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَ قَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ
حَقٍّ ۙ وَّ نَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾ بیشک اللہ نے ان لوگوں کی بات سن لی
ہے جو کہتے ہیں کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مال دار ہیں، اور جو کچھ انہوں نے کہا ہے ہم لکھ رکھیں
گے اور انہوں نے انبیاء کو جو ناحق قتل کیا تھا وہ بھی لکھ رکھیں گے، اور روزِ قیامت ان سے
کہیں گے کہ لو اب جلا دینے والی آگ کے عذاب کا مزہ چکھو، انبیاء کے قتل کا جرم مدینہ
کے یہودیوں نے نہیں بلکہ ان کے اسلاف نے سینکڑوں برس پہلے کیا تھا۔ لیکن چونکہ یہ
لوگ اپنے اسلاف کے اس فعل کو صحیح گردانتے تھے اس لئے یہ لوگ بھی شریک جرم قرار
پائے۔ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ یہ

عذاب ان اعمال کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھ خود آگے بھیج چکے ہیں اور بیشک اللہ اپنے
بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ
لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ یہ لوگ کہتے ہیں کہ اللہ نے ہمیں حکم
بھیجا تھا کہ ہم کسی رسول پر اس وقت تک ایمان نہ لائیں جب تک وہ ایسی قربانی نہ پیش
کرے جسے آسمانی آگ آکر کھا جائے قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ
وَ بِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٨٣﴾ آپ ان سے فرمادیجئے
کہ بیشک مجھ سے پہلے بہت سے رسول روشن نشانیاں لے کر آئے تھے اور وہ نشانی بھی لائے
تھے جو تم کہہ رہے ہو پھر اگر تم اتنے ہی سچے ہو تو تم نے ان رسولوں کو کیوں قتل کیا فَاِنْ
كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَ الزُّبُرِ وَ الْكِتٰبِ
الْمُنِيْرِ ﴿١٨٤﴾ اگر اس پر بھی یہ آپ کو جھٹلائیں تو جان لیں کہ آپ سے پہلے بھی ایسے بہت
سے ایسے رسولوں کو جھٹلایا گیا تھا جو واضح نشانیاں اور صحیفے اور روشن کتاب لے کر آئے
تھے كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ اِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ آخر
ہر جاندار کو موت کا مزہ چکھنا ہے، اور تمہارے اعمال کے پورے کے پورے اجر تو قیامت
کے دن ہی دیئے جائیں گے فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَ
مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿١٨٥﴾ پس جو کوئی آتش جہنم سے بچا لیا گیا اور
جنت میں داخل کر دیا گیا بلاشبہ وہی کامیاب ہو گا، اور رہی یہ دنیا کی زندگی، تو یہ دھوکہ اور
فریب نظر کے سوا کچھ بھی نہیں اس دنیا کی تمام آسائشیں چند روزہ ہیں اور بالآخر ختم ہو
جائیں گی، اس زندگی کا اصل مقصد یہ ہے کہ اپنا مال اور وقت کبھی ختم نہ ہونے والی آخرت
کی زندگی کی تیاری کے لئے صرف کیا جائے لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ۟ وَ

لَتُسۡمَعُنَّ مِنَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ وَ مِنَ الَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡۤا
اَذًى كَثِيۡرًا ؕ اے مسلمانو! تمہارے اموال اور جانوں کے بارے میں تمہیں لازماً
آزمایا جائے گا، اور تمہیں بہر صورت اہل کتاب اور مشرکوں سے بہت سی اذیت ناک
باتیں بھی سننا پڑیں گی وَ اِنۡ تَصۡبِرُوۡا وَ تَتَّقُوۡا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ ﴿۱۸۶﴾
اور اگر ان سب حالات میں تم صبر واستقامت دکھاتے رہے اور تقویٰ اختیار کئے رکھا تو یہ
بڑی ہمت اور حوصلہ کی بات ہو گی وَ اِذۡ اَخَذَ اللّٰهُ مِيۡثَاقَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ
لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَ لَا تَكۡتُمُوۡنَهٗ ۫ فَنَبَذُوۡهُ وَرَآءَ ظُهُوۡرِهِمۡ وَ اشۡتَرَوۡا بِهٖ ثَمَنًا
قَلِيۡلًا ؕ فَبِئۡسَ مَا يَشۡتَرُوۡنَ ﴿۱۸۷﴾ اور وہ وقت یاد کرو جب اللہ نے اہل کتاب سے اس
بات کا عہد لیا تھا کہ تم اس کتاب کو لوگوں سے صاف صاف بیان کرو گے اور کوئی چیز چھپاؤ
گے نہیں لیکن انہوں نے اس عہد کو پسِ پشت ڈال دیا اور اس کے بدلے بہت ہی معمولی سی
قیمت وصول کر لی، کیا ہی بری ہے وہ چیز جو یہ حاصل کر رہے ہیں لَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ
يَفۡرَحُوۡنَ بِمَاۤ اَتَوۡا وَّ يُحِبُّوۡنَ اَنۡ يُّحۡمَدُوۡا بِمَا لَمۡ يَفۡعَلُوۡا فَلَا تَحۡسَبَنَّهُمۡ
بِمَفَازَةٍ مِّنَ الۡعَذَابِ ۚ وَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۱۸۸﴾ آپ اُن لوگوں کو عذاب سے
محفوظ نہ سمجھیں جو اپنے برے اعمال پر خوش ہو رہے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ ایسے نیک
اعمال پر ان کی تعریف کی جائے جو انہوں نے کئے ہی نہیں ، پس آپ انہیں ہر گز عذاب
سے نجات پانے والا نہ سمجھیں، ایسے لوگوں کے لئے دردناک عذاب تیار ہے وَلِلّٰهِ مُلۡكُ
السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۱۸۹﴾ اور تمام آسمانوں اور زمین کی
بادشاہی اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے رکوع [۱۹]

[# 68]

verses 180 to 189, provide guidance to Muslims on avoiding miserliness and highlight a situation involving the People of the Book (Jews and Christians) who refused to accept the Prophet Muhammad's [peace be upon him] message until they witnessed a specific miraculous sign.

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ
هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ

Those who withhold [in miserliness] what Allah has bestowed on them out of His grace, should not consider it as good for them. Rather, it is bad for them.

سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَ لِلّٰهِ مِيْرَاثُ
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿١٨٠﴾

رکوع[۱۸]

What they [miserly] withhold, shall be hung about their necks on the day of judgment. To Allah belongs the heritage of the heavens and the earth. Allah is well Aware of what you do.

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّ نَحْنُ
اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَ قَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ
حَقٍّ ۙ وَّ نَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

Surely, Allah has heard the statement of those who [mockingly] said, "Indeed, Allah is poor, while we are rich". We will record what they said [now], alongwith their killing of the prophets without any right. Then We will say [to them on the day of judgment] “Taste the [everlasting] punishment of Burning]".

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿١٨٢﴾

That is for what your hands have sent ahead [result of your deeds]. and Allah is never unjust towards [His] servants.

اَلَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَاۤ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ

[There are others as well] who said, 'Allah has covenanted with us not to believe in any messenger unless he brings us a sacrificial offering, that is consumed by the [heavenly] fire.

قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَ بِالَّذِيْ
قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٨٣﴾

[O Prophet!] Say to them: Surely, many messengers came to you before me, with clear signs and with that [miracles] you are now asking for. Why then did you kill them, if you are truthful.

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ
بِالْبَيِّنٰتِ وَ الزُّبُرِ وَ الْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿١٨٤﴾

[O prophet!] If they are denying you, [know that even before you], many messengers were rejected by them, who came with clear signs, scriptures, and enlightening books.

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ اِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ ؕ

[At last] Every soul shall have a taste of death. And you will receive your full compensation [for every deed] on the Day of Judgment.

فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَ مَا
الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾

So, whoever is saved from the Fire and admitted to Paradise is indeed successful. And the worldly life is nothing but an illusory enjoyment.

All the luxuries of this world are transitory and will eventually come to an end. The real purpose of this life is to prepare for the eternal life of the Hereafter by utilizing the wealth and time wisely.

لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ۟ وَ لَتَسْمَعُنَّ مِنَ
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ مِنَ الَّذِيْنَ
اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ؕ

[O believers!] you will surely be tested [by the loss] of your wealth and lives, and you will certainly hear many hurtful comments from those who were given the Scripture before you and from the idol worshippers.

وَ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾

But if you observe patience and fear Allah, it will indeed be a sign of great determination.

وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ
لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ ؗ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَ اشْتَرَوْا
بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿١٨٧﴾

And [recall the time] when Allah took a covenant from those who were given scripture, that you shall make [its message] clear to the people and you shall not conceal anything. But they threw it away behind their backs and sold it for a small price. How woeful is what they have purchased.

لَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ يَفۡرَحُوۡنَ بِمَاۤ اَتَوْا وَّ يُحِبُّوۡنَ اَنۡ
يُّحۡمَدُوۡا بِمَا لَمۡ يَفۡعَلُوۡا فَلَا تَحۡسَبَنَّهُمۡ بِمَفَازَةٍ مِّنَ
الۡعَذَابِ‌ۚ وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۱۸۸﴾

Do not think that those who are boastful about their deeds and love to be praised for what they have not done–[do not think] that they shall be safe from punishment. Indeed, there is a painful punishment for them [on the day of Judgment].

وَ لِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ‌ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ
قَدِيۡرٌ ﴿۱۸۹﴾ رکوع [۱۹]

To Allah, belongs the sovereignty of the heavens and the earth. Allah has power to do everything.